## پاکستان کی سلامتی وبقاء کی جدوجہد کرتے رہیں گے، بابر غوری

## نارتھ ناظم آباد کی فائیو اسٹار چورنگی پر جشن یوم آزادی کی عظیم الشان ریلی سے خطاب

کراچی۔۔۔14، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور وفاقی وزیر بابر خان غوری نے کہا ہے کہ ایم کیوایم بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم ہے جو ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔وہ 13، اگست کی شب نارتھ ناظم آباد کی فائیو اسٹار چورنگی پر جشن یوم آزادی کی عظیم الشان ریلی کے شرکاء سے خطاب کررہے تھے۔ریلی سے نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے حق پرست ناظم ممتاز حمید، اراکین سندھ اسمبلی بلقیس مختار اور ادریس صدیقی نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتیں اور مذہبی اقلیتیں برابر کے پاکستانی ہیں جو پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانا چاہتی ہیں ۔ انہون نے کہا کہ جو عناصر ملک میں مذہبی انتہاء پسندی کا عمل کررہے ہیں وہ اسلام کی تعلیمات کی نفی کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی انتہاء پسندی اور ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف ہے اور پاکستان کی سلامتی وبقاء کی جدوجہد کرتی رہے گی۔قبل ازیں ادریس صدیقی نے کہا کہ آج خوشیوں کا دن ہے جو ہر پاکستانی کو مبارک ہو۔بلقیس مختار نے کہا کہ پاکستان سے جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے ہی ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

## پاکستان کے 60ویں یوم آزادی کے موقع پر نائن زیرو پر قومی پرچم لہرایا گیا

کراچی۔۔۔14، اگست 2007ء

پاکستان کے 60ویں یوم آزادی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر پاکستان کا قومی پرچم لہرایا گیا۔جشن آزادی کے سلسلے میں نائن زیرو اور اس کے اطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے اور عزیز آباد کے اطراف کی گلیاں بقعہ نور بنی ہوئی ہے۔جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر نصرت، حق پرست ارکان قومی اسمبلی صفوان اللہ ،افسر جہاں،،شبینہ طلعت، کشور سلطانہ، حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی عبدالعزیز بانوا، طیب ہاشمی، خالد بن ولایت، اقبال قادری ایڈوکیٹ، عباس جعفری، ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ارکان اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستار نے جشن آزادی کی خوش میں مٹھائی بانٹیں اور ذمہ داران کو کارکنان کو مبارکباد پیش کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں تحریک پاکستان کے شہداء، حق پرست شہدا کے بلند درجات، پاکستان کی ترقی وخوشحالی، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-140 کے عامر مغل کا تنظیم سے اخراج

کراچی۔۔۔14، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-140 کے کارکن عامر مغل ولد سلیم مغل کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ عامر مغل ولد سلیم مغل سے کسی بھی قسم کا کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## پاکستان کے 60ویں جشن آزادی کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت جشن آزادی ریلی نکالی گئی

## ریلی فائیواسٹار چورنگی سے شروع ہوئی اور نیشنل اسٹیڈیم پر ختم ہوئی۔12 بجتے ہی پرچم کشائی کی گئی،آتش بازی کا خوبصورت مظاہرہ

کراچی۔۔۔13،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت پاکستان کے 60ویں جشن آزادی کے سلسلے میں 13اگست کی شب فائیواسٹار چورنگی پر آتش بازی کا خوبصورت مظاہرہ کیا گیااور جشن آزادی ریلی نکالی گئی۔ جشن آزادی کی اس تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اوروفاقی وزیر بابرغوری، ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی کنور خالد یونس،ارکان صوبائی اسمبلی عبدالقدوس ،بلقیس مختار،ادریس صدیقی،نارتھ ناظم آباد کے ٹاؤن ناظم ممتاز حمید،ٹاؤن نائب ناظم ،یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ آتشبازی میں عوام نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔رات کے 12 بجتے ہی قومی ترانے گایا گیااور پرچم کشائی بھی کی گئی۔بعدازاں جشن آزادی ریلی نکالی گئی جس میں شریک سینکڑوں کاروں،رکشوں،ویگنوں،اورموٹرسائیکلوں پرایم کیوایم اور پاکستان کے پرچم لگے ہوئے تھے۔اس موقع پرعوام نے ڈھول تاشے اور باجوں کی دھنوں پر والہانہ رقص بھی کیا اور نعرہ پاکستان ، جئے پاکستان کے پرجوش نعرے بھی لگائے۔ فائیواسٹار چورنگی سے نکالی جانے والی یہ ریلی نیشنل اسٹیڈیم پراختتام پذیرہوئی۔ ریلی جہاں سے گزری عوام نے اس کا خیر مقدم کیااور ہاتھ ہلاکراپنے جوش وخروش کااظہار کیا۔اس ریلی کی قیادت ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کی اوراس میں حق پرست منتخب نمائندوں،ایم کیوایم کے ذمہ داران،کارکنان اورعوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆